NEW YORK STATE | Workers' Compensation Board

PO Box 5205, Binghamton, NY 13902-5205

# سیکشن 32 اقرار نامہ برائے دستبرداری: مدعی کے لیے جاری کیا گیا

| WCB کیس نمبر (نمبرز) | مدعی کا نام (پرنٹ کریں) |
| --- | --- |
| | |
| مدعی کا موجودہ پتہ | |
| | |

**سیکشن 32 اقرار نامہ برائے دستبرداری کا جائزہ لینے اور دستخط کرنے کے بعد، مدعی پر اس دستاویز کا مکمل کرنا لازم ہے۔ اقرار نامے کی کارروائی کے عمل میں تیزی لانے کے لیے، یہ دستاویز بورڈ کو سیکشن 32 اقرار نامہ برائے دستبرداری (فارم C-32) کے ساتھ جمع کروانا لازم ہے۔ سیکشن 32 اقرار نامہ برائے دستبرداری کے حل کے طریقۂ کار سے متعلق مزید معلومات کے لیے ذیل میں دیکھیں۔**

**نوٹ کریں: آپ اپنے مستقبل کے کارکنان کی زرتلافی کے وظائف کے حق سے دستبردار ہو رہے ہیں۔ یہ اہم ہے کہ آپ ذیل میں موجود معلومات کا جائزہ لیں اور انہیں سمجھیں۔**

**1. جائزہ اور منظوری:** بورڈ سیکشن 32 اقرار نامہ برائے دستبرداری کا جائزہ لے گا اور تعین کرے گا کہ آیا اسے سماعت کے بغیر منظور کیا جا سکتا ہے۔ اگر بورڈ یہ تعین کرتا ہے کہ اقرار نامے کو سماعت کے بغیر منظور کیا جا سکتا ہے، تو مجوزہ فیصلہ تمام فریقین کو بذریعہ ڈاک ارسال کر دیا جائے گا جو انہیں اس تاریخ کے متعلق بتائے گا جس پر اقرار نامے کو بورڈ کے پاس جمع کروایا جانا ہے، اور اس تاریخ کے متعلق بتائے گا جس پر، اگر کوئی فریق اقرار نامے سے دستبردار نہیں ہوتا، تو اقرار نامے کی منظوری حتمی تصور ہوتی ہے۔ اگر بورڈ یہ تعین کرتا ہے کہ اقرار نامے کی منظوری سے پہلے سماعت درکار ہے، تو تمام فریقین وقت، تاریخ اور سماعت کے مقام کے حوالے سے ایک نوٹس وصول کریں گے۔ اقرار نامہ سماعت کی تاریخ پر جمع کروایا جائے گا۔ سماعت کے بعد، اگر کوئی فریق اقرار نامے سے دستبردار نہیں ہوتا، تو فریقین فیصلے کا ایک نوٹس وصول کریں گے جو بتائے گا کہ بورڈ کی جانب سے اقرار نامے کو منظور کر لیا گیا ہے۔

**2. دستبرداری کا حق:** اقرار نامے کے تمام فریقین کے پاس اقرار نامے سے دستبرداری کے لیے سیکشن 32 اقرار نامہ برائے دستبرداری کو بورڈ کے پاس جمع کروائے جانے کی متوقع تاریخ سے لے کر کیلنڈر کے حساب سے دس (10) دن تک کا وقت ہوتا ہے۔

**3. تصفیے کا چیک:** انشورنس کیریئر کے پاس آپ کو تصفیے کا چیک بھیجنے کے لیے اقرار نامے کی حتمی منظوری کی تاریخ سے لے کر کیلنڈر کے حساب سے دس (10) دن تک کا وقت ہوتا ہے، ماسوائے اس صورت کے کہ کوئی فریق دستبرداری کا تحریری نوٹس جمع کروا دے۔

**4. جرمانہ:** اگر انشورنس کیریئر اقرار نامے کی منظوری حتمی ہو جانے کی تاریخ سے لے کر کیلنڈر کے حساب سے دس (10) دن تک کے اندر تصفیے کا چیک بھیجنے (پوسٹ مارک کرنے) میں ناکام ہوتا ہے، تو آپ درخواست کر سکتے ہیں کہ بورڈ کیریئر کے خلاف جرمانے کو زیر غور لائے۔

**5. حتمی اور قطعی:** براہ کرم یاد رکھیں کہ اقرار نامہ جمع کروانے کی متوقع تاریخ سے لے کر دس (10) دن تک کی دستبرداری کی مدت گزر جانے اور بورڈ کی جانب سے اقرار نامے کو منظور کرنے کے بعد، اقرار نامہ تمام متعلقہ فریقین کے لیے حتمی اور قطعی ہوتا ہے۔

**6. ترمیم:** بورڈ کی جانب سے سیکشن 32 اقرار نامہ برائے دستبرداری کی منظوری کا نوٹس جاری کرنے کے بعد، اقرار نامے میں ترمیم صرف تمام فریقین کے اتفاق اور بورڈ کی منظوری کے بعد ہی کی جا سکتی ہے۔

**7. میڈیکل:** تاوقتیکہ اقرار نامہ مستقبل کے میڈیکل کے وظائف کی اجازت دے، آپ کے دعوے سے متعلقہ مستقبل کے میڈیکل کے کوئی بھی اخراجات آپ کی ذمہ داری بن جائیں گے۔

**8. بورڈ کے ساتھ مواصلت:** بورڈ کے ساتھ کسی بھی مواصلت میں آپ کا WCB دعویٰ نمبر شامل ہونا چاہیئے۔

**9. Medicare مقرر کرنا:** اگر آپ سیکشن 32 اقرار نامہ برائے دستبرداری کے مطابق جاری میڈیکل علاج معالجے کے اپنے حق سے دستبردار ہو جاتے ہیں، تو آپ پر Medicare کے وظائف کو زیر غور لانا لازمی ہوتا ہے، اور ایسا کرنے میں ناکامی ملازمت سے متعلقہ آپ کی چوٹ کے علاج کے Medicare وظائف کے لیے مستقبل میں آپ کی حقداری کو خطرے میں ڈال سکتی ہے۔ جب بھی ضروری ہوا، Medicare کے وظائف کو کارکنان کی زرتلافی کے دعوے کے تصفیے کے اقرار نامے میں Medicare مقرر کرنے کی شق کے ذریعے زیر غور لایا جا سکتا ہے۔ Medicare مقرر کرنا اس مجموعی تصفیے کا حصہ ہے جس کا مستقبل کے عام میڈیکل علاج معالجے کی لاگت کور کرنے کے لیے موزوں ہونا متوقع ہے۔ آیا Medicare مقرر کرنا ضروری ہے، نیز کارکنان کی زرتلافی کے لیے Medicare مقرر کرنے کے حساب اور انتظام کے حوالے سے رہنما ہدایات کو مرکز برائے Medicare اور Medicaid سروسز (CMS) کی جانب سے تیار اور تقسیم کیا گیا ہے۔

میں، ______________________، سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ میں مجوزہ سیکشن 32 اقرار نامہ برائے دستبرداری میں بیان کردہ تمام دعوؤں اور ممکنہ دعوؤں کا تصفیہ اپنے اور انشورنس کیریئر اور/یا آجر کے درمیان کر رہا/رہی ہوں، اور یہ کہ بورڈ کی جانب سے اقرار نامہ منظور ہو جانے اور دس دن کے انتظار کی مدت ختم ہو جانے کے بعد، دعوے دعوؤں کو بورڈ کی جانب سے، میری جانب سے، آجر کی جانب سے، کیریئر کی جانب سے، یا دیگر کسی متعلقہ فریق کی جانب سے دوبارہ نہیں کھولا جا سکتا۔

**براہ کرم ذیل میں موجود تمام سوالات کے جوابات دیں۔ آپ پر ہر سوال کے لیے ہاں یا نہیں کو نشان زد کرنا __لازم__ ہے۔**

1. کیا آپ سمجھتے ہیں کہ سیکشن 32 اقرار نامہ برائے دستبرداری سے وابستہ کوئی بھی فریق حتمی منظوری سے پہلے اقرار نامے سے دستبردار ہو سکتا ہے؟ اس کا مطلب یہ کہ ایسا کرنے کے خواہشمند فریق پر ایسا تحریری شکل میں کرنا لازم ہو گا۔ اقرار نامے کے بورڈ کو جمع کروائے جانے کی متوقع تاریخ کے بعد کیلنڈر کے حساب سے 10 دن کے اندر بورڈ کو دستبرداری کا تحریری نوٹس لازمی موصول ہونا چاہیئے۔ (اگر نہیں، تو ذیل میں وضاحت کریں۔) ☐ ہاں ☐ نہیں

2. کیا آپ سمجھتے ہیں کہ اگر اقرار نامے کے بورڈ کو جمع کروائے جانے کی متوقع تاریخ کے بعد کیلنڈر کے حساب سے 10 دن کے اندر، بورڈ کو سیکشن 32 اقرار نامہ برائے دستبرداری سے دستبرداری کا کوئی تحریری نوٹس موصول نہیں ہوتا، تو اقرار نامے کی تعمیل تمام فریقین پر لازم ہو جائے گی اور اس پر اپیل نہیں کی جا سکے گی؟ اس کامطلب یہ کہ اقرار نامے کی حتمی منظوری کے بعد اقرار نامے کے فریقین اقرار نامے کی کسی شرط پر اعتراض نہیں کر سکیں گے اور بورڈ کی جانب سے مزید کوئی جائزہ نہیں لیا جائے گا۔ (اگر نہیں، تو ذیل میں وضاحت کریں۔) ☐ ہاں ☐ نہیں

3. کیا آپ سمجھتے ہیں کہ سیکشن 32 اقرار نامہ برائے دستبرداری کی حتمی منظوری کے بعد، اقرار نامے میں تدوین تمام فریقین کی جانب سے دستخط شدہ تحریری درخواست اور بورڈ کی جانب سے منظوری کے بعد ہی کی جا سکتی ہے؟ اس کا مطلب یہ کہ حتمی منظوری کے بعد، اقرار نامے میں تبدیلیاں صرف اس صورت میں کی جا سکتی ہیں کہ تمام فریقین متفق ہوں اور تحریری درخواست پر دستخط کریں اور بورڈ کی جانب سے درخواست منظور کی جائے۔ (اگر نہیں، تو ذیل میں وضاحت کریں۔) ☐ ہاں ☐ نہیں

4. کیا آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کو اپنے دعوے کا تصفیہ کرنے کی ضرورت نہیں؟ (اگر نہیں، تو ذیل میں وضاحت کریں۔) ☐ ہاں ☐ نہیں

5. کیا آپ سمجھتے ہیں کہ، تاوقتیکہ اقرار نامہ مستقبل کے کسی میڈیکل وظائف کی اجازت دے، سیکشن 32 اقرار نامہ برائے دستبرداری کے ساتھ اپنے دعوے کا تصفیہ کرنے کے ذریعے، آپ کے کیس سے متعلقہ مستقبل میں میڈیکل کے کوئی بھی اخراجات آپ کی ذمہ داری بن جائیں گے؟ اس کا مطلب یہ کہ اگر مثال کے طور پر، مستقبل میں آپ کا عارضہ بگڑتا ہے یا آپ کو سرجری درکار ہوتی ہے، تو انشورنس کیریئر کسی مزید علاج معالجے، ادویہ یا سرجری کی اجازت یا ادائیگی نہیں کرے گا۔ (اگر نہیں، تو ذیل میں وضاحت کریں۔) ☐ ہاں ☐ نہیں

6. اگر آپ فی الوقت ماہانہ ادائیگیاں وصول کر رہے ہیں، تو کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ کی ادائیگیاں کب رک جائیں گی؟ (اگر نہیں، تو ذیل میں وضاحت کریں۔) ☐ ہاں ☐ نہیں

7. کیا آپ سمجھتے ہیں کہ سیکشن 32 اقرار نامہ برائے دستبرداری کی حتمی منظوری کے بعد آپ کا کیس اقرار نامے میں حل کردہ کسی مسئلے کو بیان کرنے کے لیے دوبارہ نہیں کھولا جا سکتا؟ (اگر نہیں، تو ذیل میں وضاحت کریں۔) ☐ ہاں ☐ نہیں

8. کیا آپ تصفیے کی رقم سے متفق ہیں اور سمجھتے ہیں کہ آپ کے کیس میں ان مسائل کے حل کے حتمی تصفیے کے طور پر آپ کو اس کی پیشکش کی گئی تھی؟ (اگر نہیں، تو ذیل میں وضاحت کریں۔) ☐ ہاں ☐ نہیں

9. کیا آپ سمجھتے ہیں کہ کسی بھی بقایا معاونت طفل کے قانونی حقوق کی کٹوتی آپ کے تصفیے سے کی جائے گی اور اسے سیکشن 32 اقرار نامہ برائے دستبرداری کی رقم کے مطابق مکمل طور پر ادا کیا جائے گا؟ (اگر نہیں، تو ذیل میں وضاحت کریں۔) ☐ ہاں ☐ نہیں

10. کیا آپ سمجھتے ہیں کہ سیکشن 32 اقرار نامہ برائے دستبرداری کی حتمی اور قطعی منظوری کے بعد (اگر کوئی فریق اقرار نامے سے دستبردار نہ ہو تو) انشورنس کیریئر کے پاس کیلنڈر کے حساب سے تصفیے کا چیک بھیجنے کے لیے 10 دن کا وقت ہوتا ہے؟ اس کا مطلب یہ کہ اگر آپ کا چیک دسویں دن یا اس سے پہلے نہ بھیجا (پوسٹ مارک نہ کیا) جائے، تو اقرار نامے کی حتمی اور قطعی منظوری کے بعد، آپ بورڈ کو درخواست کر سکتے ہیں کہ کیریئر کے خلاف جرمانے کو زیر غور لایا جائے۔ اگر دسواں دن ہفتہ، اتوار یا کوئی قانونی تعطیل کا دن ہے، تو کیریئر کے پاس آپ کا چیک بھیجنے کے لیے اگلے کاروباری دن تک کا وقت ہوتا ہے۔ (اگر نہیں، تو ذیل میں وضاحت کریں۔) ☐ ہاں ☐ نہیں

11. کیا آپ نے ایسے کوئی وعدے کیے ہیں، یا آپ سے ایسے کوئی وعدے کیے گئے ہیں، جن کی عکاسی اس سیکشن 32 اقرار نامہ برائے دستبرداری میں نہیں کی گئی؟ (اگر ہاں، تو ذیل میں وضاحت کریں۔) ☐ ہاں ☐ نہیں

12. کیا آپ نے درکار ویڈیو دیکھی ہے: **اپنے دعوے کا تصفیہ کرنا**؟ ویڈیو سیکشن 32 اقرار نامہ برائے دستبرداری اور اس کے مضمرات کا فہم فراہم کرتی ہے۔ آپ درج ذیل لنک پر **اپنے دعوے کا تصفیہ کرنا** ویڈیو دیکھ سکتے ہیں: www.wcb.ny.gov/section-32۔ (اگر نہیں، تو ذیل میں وضاحت کریں۔) ☐ ہاں ☐ نہیں

**وضاحت (وضاحتیں):**

| |
|---|
| |

**میں اس _____ کے روز _____ کے مہینے، سال _____20، میں نیو یارک کے قوانین کے تحت جھوٹی گواہی کی سزا کے تحت، جس میں جرمانہ یا قید شامل ہو سکتی ہے، اس بات کی تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ مذکورہ بالا بیان درست ہے، اور میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ یہ دستاویز قانونی عدالت میں کسی کارروائی یا استغاثے میں دائر کی جا سکتی ہے۔**

______________________ ______________
مدعی کے دستخط تاریخ

**میں بذریعہ ہٰذا توثیق کرتا/کرتی ہوں:**

1. میں مدعی، ______________________ کا/کی نمائندہ ہوں۔
2. WCL § 32 اقرار نامہ برائے دستبرداری (اقرار نامہ) پر عمل درآمد سے پہلے، مستقبل میں میڈیکل سروسز کے حوالے سے Medicare کے وظائف اور اس چیز کو زیر غور لایا گیا تھا کہ آیا اقرار نامے میں کارکنان کی زرتلافی کے لیے Medicare مقرر کرنا شامل ہونا چاہیئے۔ میں نے اپنے کلائنٹ کے ساتھ Medicare کے وظائف کو زیر غور لانے کی ضرورت پر بات کی ہے۔
3. میں نے اقرار نامے کا مکمل طور پر جائزہ لیا ہے جس پر میرے کلائنٹ نے عمل درآمد کیا اور منظوری کے لیے اسے بورڈ کے پاس جمع کروا دیا گیا ہے، اور میں نے اپنے کلائنٹ کو اس اقرار نامے کے تمام پہلوؤں کی وضاحت کر دی ہے بشمول، منظوری کی صورت میں، اقرار نامے کے اس اثر کی جو عام متعلقہ میڈیکل علاج معالجے میں اضافے کے میرے کلائنٹ کے حق پر ہو گا۔
4. میں نے اقرار نامے کے حوالے سے سوالات کرنے کے لیے اپنے کلائنٹ کو مکمل موقع فراہم کیا اور اپنی بہترین صلاحیت کے مطابق ان سوالات کا جواب دیا ہے۔
5. میں نے اپنے کلائنٹ کو فیس کی اُس رقم کے بارے میں آگاہ کر دیا ہے جسے میں معاہدے کے معاوضے کے حصے سے طلب کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں اور اپنے کلائنٹ کو وضاحت کی ہے کہ فیس کا تعین WCL کے سیکشن 24(2)(f) میں تحریر کردہ شیڈول کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔
6. میں نے، اپنی بہترین صلاحیت کے مطابق، یقینی بنایا اور تعین کیا ہے کہ میرا کلائنٹ اقرار نامے کی شرائط، منظوری کی صورت میں اقرار نامے کے اس پر ہونے والے اثر کو مکمل طور پر سمجھتا ہو، اور یہ کہ میرا کلائنٹ اپنی ذاتی رضامندی کے ساتھ اس اقرار نامے میں شامل ہوا ہے۔
7. اس/ان دعوے دعووں میں ایسے کوئی بقایا مسائل شامل نہیں جنہیں اس اقرار نامے کی شرائط کے ساتھ مکمل طور پر حل نہ کیا گیا ہو، ماسوائے ان مسائل کے جنہیں اقرار نامے کے ذریعے واضح طور پر چھوڑ دیا گیا ہو۔
8. میں نے، اپنی بہترین صلاحیت کے مطابق، یقینی بنایا اور تعین کیا ہے کہ اس دستاویز کے صفحہ اول پر میرے کلائنٹ کے لیے موجود پتہ دراصل مدعی کا موجودہ پتہ ہے، اور یہ کہ تصفیے کا چیک اسی پتے پر ارسال کیا جائے گا۔

______________________ ______________________ ______________
اٹارنی کے دستخط اٹارنی کا پرنٹ کردہ نام تاریخ